سپیچ تھراپی

بچوں کو بول چال میں درپیش مسائل کا طریقہ علاج

سپیچ تھراپی ایک ایسا طریقہ علاج ہے جس کے ذریعے ایسے بچوں کی بول چال کی صلاحیت کو بحال کیا جاتا ہے جنہیں بولنے اور گفتگو کرنے میں دشواری کا سامنا ہو۔ اس طریقہ علاج کا مقصد بچوں کی بول چال اور گفتگو کرنے کی صلاحیت کو مضبوط بنانا، اور انکی نشونماء کے دوران بول چال سیکھنے میں درپیش مشکلات کا سدباب کرنا ہے۔ ضرورت پڑنے پر بچے کے علاج کی خاطر تحقیق و دیکھ بھال لمبے عرصے کے لئے بھی جاری رکھی جا سکتی ہے۔

صحت کی دیکھ بھال کے زمرے میں فن لینڈ میں سکول جانے سے پہلے کی عمر کے کئی بچوں کو سپیچ تھراپی کی ضرورت پڑتی ہے۔ بچوں کو یہ سہولت مفت فراہم کی جاتی ہے۔

بچوں کو زچہ بچہ مرکز کے ذریعے سپیچ تھراپی کے لئے بھیجا جاتا ہے۔ اگر والدین اپنے بچے کی بول چال کی صلاحیت میں کمی اور گفتگو میں درپیش مشکلات کے بارے میں فکرمند ہوں تو وہ براہ راست بھی اس سہولت کے حصول کے لئے ٹیلی فون کر سکتے ہیں۔

بچوں کی سپیچ تھراپی انواع واقسام کی کھیلیوں، مختلف مشقوں اور دیگر تکنیکی طریقوں کی مدد سے کی جاتی ہے۔ اس طریقہ علاج کے ماہرین اس مشکل سے دوچار بچوں کے والدین کو اپنے بچوں کے ساتھ گھر پر مشقیں کرنے کے لئے بھی کہہ سکتے ہیں۔ سپیچ تھراپی کی ایک نشست پینتالیس منٹ کی ہوتی ہے۔ اس نشست کے دوران بچہ ماہرین کے پاس اکیلا یا والدین کی موجودگی میں ہوتا ہے۔ ضرورت پڑنے پر مترجم کی خدمات بھی حاصل کی جا سکتی ہیں۔ ان نشستوں کی تعداد اور اسکے مواد کا تعین والدین کی مرضی اور بچے کی ضرورت کے مطابق کیا جاتا ہے۔

اس مقصد کے لئے ہیلسنکی، ایسپو، وانتا، کاؤنی آئنین اور یعوویسکئولا کی بلدیات مل کر کام کر رہی ہیں۔

JOTTA LÄNSIUUSIMAALAISET VOIVAT HYVIN